نظر ثانی شدہ ایڈیشن

قرآنی اور مسنون دعائیں

maktabaqudduusia.com

قرآنی اور مسنون دعائیں

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

maktabaquddusia.com

فہرست

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
1	حمد و ثنا	5
2	درود شریف	6
3	قرآنی دعائیں	7
4	متفرق دعائیں	25
5	مسنون دعائیں	29

maktabaquddusia.com

دیباچہ

الحمد للہ! اللہ کی خاص رحمت اور عنایت کی بدولت کتاب ''قرآنی اور مسنون دعائیں'' ایک بار پھر اضافی دعاؤں کے ساتھ آپ کے سامنے پیش کی جارہی ہے۔

اس ایڈیشن میں دعاؤں کو ترتیب دیتے وقت انہیں ''رَبِّ'' اور ''رَبَّنَا'' کے عنوانات کے تحت دو بڑے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور دیگر دعاؤں کو الگ جمع کردیا گیا ہے۔ اسی طرح قاری کی سہولت کے پیش نظر مختصر دعاؤں کو پہلے اور طویل دعاؤں کو بعد میں رکھا گیا ہے۔ علاوہ ازیں یہ کوشش بھی کی گئی ہے کہ ہم معنی دعاؤں کو ایک جگہ جمع کردیا جائے۔

امید ہے کہ دعاؤں کا یہ مجموعہ ہر موقع اور مقام پر آپ کا ساتھی رہے گا خصوصاً قبولیت کے اوقات میں تاکہ کچھ بھی مانگنے سے رہ نہ جائے۔ ان دعاؤں کے ذریعے اپنے رب کو پکاریں، آپ ضرور کہہ اٹھیں گے:

وَلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ [مریم: 4]

''اے میرے رب! تجھ سے دعا مانگ کر میں کبھی محروم نہیں رہا۔''

اللہ تعالیٰ اس کوشش کو قبول فرمائے۔ آمین

فرحت ہاشمی

یکم شعبان 1432ھ، 4 جولائی 2011ء

maktabaquddusia.com

☆ دعا کی ابتدا اور اختتام پر درود پڑھنا۔

☆ قبولیت کے یقین کے ساتھ دعا مانگنا۔

☆ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور سے نہ مانگنا۔

☆ پہلے اپنے لیے پھر دوسروں کے لیے دعا کرنا۔

☆ اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی بخشش طلب کرنا۔

☆ نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا۔

دعا کی قبولیت کے اوقات

☆ اذان اور اقامت کے درمیان

☆ تہجد کے وقت

☆ فرض نماز کے بعد

☆ جمعہ کے دن کی ایک گھڑی

☆ سجدے میں

☆ سحری کے وقت

☆ روزے کی حالت میں

☆ شبِ قدر میں

☆ قرآن مجید کی تلاوت کے بعد

☆ سفر میں

☆ عرفہ کے دن

☆ آبِ زم زم پیتے وقت

☆ میدانِ جنگ میں

☆ بارش برستے وقت

maktabaquddusia.com

درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ [1]

”اے اللہ! محمد اور آل محمد پر رحمت نازل فرما۔“

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ [2]

”اے اللہ! نبی اُمّی محمد اور آلِ محمد پر رحمت نازل فرما۔“

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِکَ کَمَا

صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی

اِبْرَاھِیْمَ وَ آلِ اِبْرَاھِیْمَ [3]

”اے اللہ! رحمت نازل کر محمد پر جو تیرے بندے ہیں اور تیرے رسول ہیں جس طرح تو نے رحمت نازل کی ابراہیم پر اور برکت بھیج محمد پر اور محمد کی آل پر جس طرح تو نے برکت نازل کی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر۔“

maktabaqudusia.com

رَبِّ رَبِّ

قرآنی دعائیں

1. اے میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کھول دے اور میرے لیے میرا کام آسان کر دے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔ (تا کہ) وہ میری بات سمجھ سکیں۔

2. اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔

3. اے میرے رب! ان دونوں (والدین) پر رحم فرما، جیسے انہوں نے مجھے بچپن میں پالا تھا۔

4. اے میرے رب! بے شک جو بھلائی بھی تو میری طرف نازل فرمائے، میں اس کا محتاج ہوں۔

5. اے میرے رب! تو مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو ہی سب وارثوں سے بہتر ہے۔

6. اے میرے رب! بخش دے اور رحم کر اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بہتر (رحم کرنے والا) ہے۔

7. اے میرے رب! میرے لیے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا دے۔

maktabaguddacia.com